13 مارچ 2015ء

اسٹیٹ بینک کی موزوں ومناسب جانچ کے معیار کی ہدایات پر نظر ثانی

اسٹیٹ بینک نے بینکوں/ ڈی ایف آئیز کے بورڈ، سینئر مینجمنٹ کے لیے موزوں ومناسب جانچ (Fit and Proper Test) کے معیار کی ہدایات پر نظر ثانی کی ہے۔

بینکوں/ ڈی ایف آئیز کے بورڈ ارا کین، چیف ایگزیکٹو آفیسرز (سی ای اوز) اور اہم ایگزیکٹوز کے لیے موزوں ومناسب جانچ کا ایک جامع معیار پہلے سے موجود ہے۔ موزوں ومناسب جانچ کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور جانشینی کی منصوبہ بندی اور مینجمنٹ کے علم/ تجربے کو متنوع بنانے کے لیے ذیل میں دی گئی تبدیلیاں متعارف کرائی گئی ہیں۔

بینک/ ڈی ایف آئیز اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ اہم ایگزیکٹوز کے عہدے پر قائم مقام/ اضافی چارج کی بنیاد پر تقرری تین مہینوں سے زیادہ نہیں کی جائے گی۔ اہم پوزیشنوں پر تقرری کے حوالے سے اسٹیٹ بینک کے موزوں ومناسب جانچ کے معیار پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے بینک/ ڈی ایف آئیز اپنے ڈائریکٹروں، صدور/سی ای اوز اور اہم ایگزیکٹوز کی موزونیت اور معقولیت کا پیشگی جائزہ لیں گے اور اس ضمن میں اسٹیٹ بینک کے پاس ایک حلف نامہ جمع کرائیں گے۔

مزید برآں، اہم ایگزیکٹوز کے تقرر، تنخواہ کے پیکیج، ترقی رتنزلی اور ملازمت کے کنٹریکٹس کی تجدید ہمیشہ بورڈ آف ڈائریکٹرز یا بینک رڈی ایف آئی کی متعلقہ بورڈ کمیٹی کی منظوری سے ہوگی۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز تین ماہ کے اندر پورے ادارے پر محیط ایک روٹیشن پالیسی بھی تشکیل دے گا جس میں اس امر کو یقینی بنایا جائے گا کہ اہم ایگزیکٹوز کو معقول عرصے تک کسی ایک عہدے پر کام کرنے کے بعد دوسرے عہدوں پر کام کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ اس سلسلے میں اسٹیٹ بینک کے سرکلر کی مکمل تفصیلات ایس بی پی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

***